Evening News Bulletin

Dated: 14 July 2026 Time: 07:40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینشیخ تجمل

ہیڈلائنز

*.... منشیات کے متاثرین کیلئے مجوزہ بحالیاتی اور سماجی و اقتصادی مربوط کاری اسکیم کوجموں اور کشمیر کے ایک ایک اضلاع میں عملانے کی لیفٹیننٹ گورنر کی ہدایت۔

*....شری امرناتھ جی یاتراکے چلتے، درشن والوں کی تعدادنے کیا3لاکھ کا ہندسہ پار۔

*....گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر اور جموں میں MBBS نشستوں کا اضافہ نہایت خوش آئند//وزیراعلیٰ اور

*....نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور سابق معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال کا انتقال۔

:ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگر مینایک میٹنگ کے دوران منشیات سے متاثرین کیلئے مجوزہ Rehabilitation and Socio-Economic Reintegration اسکیم کا جائزہ لیا۔اس اسکیم کا مقصد میں یوٹی میں منشیات کا استعمال کرنے والوں کی باز آبادکاری اور ان کی سماجی مربوط کاری کیلئے ایک جامع فریم ورک قائم کرناہے۔یہ اسکیم پرنسپل سیکرٹری محکمہ داخلہ کی صدارت میں قائم ٹاسک فورس نے چیف سیکرٹری کی ہدایات پر تیار کی ہے۔ایل جی نے ہدایات دیں کہ اس اسکیم کو کشمیر صوبے سے ایک جبکہ جموں صوبے سے ایک ایسے اضلاع میں عملائی جانی چاہئے جو منشیات سے زیادہ متاثر ہو۔میٹنگ میں چیف سیکرٹری اٹل ڈلو، پرنسپل سیکرٹری محکمہ داخلہ چندریکر بھارتی،ایل جی کے پرنسپل سیکرٹری ڈاکٹر مندیپ کے بھنڈاری،محکمہ سماجی بہبود کے کمشنر سیکرٹری سرمد حفیظ بھی موجود تھے۔نئی دلی مغربی ایشیا میں جاری صورتحال پر قریبی سے نظر رکھے ہوئی ہے۔بھارت نے ایک بار پھر آبنائے ہرمُز سے بلا خلل نیوی گیشن اورمحفوظ تجارت پر زور دیا ہے۔نئی دلی میں آج شام وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک میڈیا بریفنگ میں کہا کہ آبنائے ہرمُز سے بلا رکاوٹ آواجائی دنیا بھر کے لوگوں کی اقتصادی سلامتی اور توانائی کی یقینی فراہمی کیلئے لازمی ہے۔

:ایل جی یاترا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سالانہ شری امرناتھ جی یاترا صبر وتحمل ، عقیدے اور روحانی طور تقویت پانے جیسے اقدار کی منفرد عکاس ہے۔انگریزی روزنامہ ہندوستان ٹائمز میں لیفٹنٹ گورنر کے شائع شدہ ایک تفصیلی مضمون میں ایل جی نے کہا کہ یہ یاترا یکجہتی ،آپسی رواداری اور ایک دوسرے کے ساتھ دُکھ اور سُکھ بانٹنے کا سفر ہے۔انہوںنے کہا کہ جموں وکشمیر کے عام لوگ اس یاترا کیلئے اپنا بھر پور تعاون پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مختلف طبقوں اور عقیدوںسے تعلق رکھنے والے مقامی لوگ سالہا سال سے یاتریوں کا خیر مقدم کرتے ہیں اور یاترا کے احسن انعقادکیلئے اپنا کلیدی رول اداکرتے ہیں۔منوج سنہا نے مزید کہا کہ سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کی نظامت اور اس کے حجم میں کافی بدلاؤ آیا ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں یاترا کیلئے بنیادی ڈھانچے کو کافی تقویت حاصل ہوئی اور یاتریوں کو اب پہلے کے مقابلے میں معیاری سہولیات دستیاب ہورہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ یاتراکے دوران پوتر گپھا کی عظمت کو برقرار رکھنے نیز اس ہمالیائی خطے میں حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھنے کی طرف خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

:یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا خوش اصلوبی کے ساتھ جاری ہے اور اب تک لگ بھگ3لاکھ 25یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے۔آج سہ پہر 4بجے تک 23ہزار یاتریوں نے گپھامیں حاضری دی۔بیشتر یاتری درشن کرکے اپنے اپنے گھروں کو لوٹ گئے ہیں اور وہ یہاں کی خوبصورتی اور مہمان نواز ی سے مطمئن نظر آرہے تھے۔

:قافلہ

اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 5ہزار335یاتریوں پر مشتمل 13واں جتھا وادی پہنچا۔ ان میں سے ایک ہزار736یاتری بال تل جبکہ 3ہزار 599یاتری پہلگام کے راستے یاترا کررہے ہیں۔

:صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کا دورہ کرکے وہاں زیر علاج شری امرناتھ جی یاتریونکی عیادت کی ۔ صوبائی کمشنر نے یاتریوں کو ہرممکن سہولت مہیا رکھنے کی ہدایت دی۔ ادارے کے سربراہ ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے صوبائی کمشنر کو جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ شردھالوؤنکو علاج ومعالجہ کی سہولت فراہم کرنے کیلئے ایک مخصوص وارڈ قائم کیاگیا ہے۔

:وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر اور گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں میں MBBS کی اضافی 50//50نشستوں کو نیشنل میڈیکل کمیشن کی منظوری ملنے پر صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو اور ان دونوں کالجوں کے فیکلٹی ممبران اور دیگر عملے کو مبارکباد دی ہے۔ انہوننے دو میڈیکل کالجوں میں 50//50نشستوں کے اضافے کو جموں وکشمیر کے طبی منظر نامے کیلئے ایک اہم سنگ میل قرار دیا اور اس سے یوٹی میں طب کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کے سرکارکے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ اسی دوران کئی عوامی وفود نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ سے ملاقات کرکے عوامی اور ترقیاتی نوعیت کے متعدد معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔

:چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں عملائے جارہے پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے پی ایم جی ایس وائی کے چوتھے مرحلے سے متعلق حکمت عملی اور نقشہ راہ کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے بتایا گیاہے کہ یہ مرحلہ جموں وکشمیر کے دیہی علاقوں میں سڑک رابطوں کو بڑھاوا دینے کا اب تک کا سب سے بڑا فلیگ شپ پروگرام ہے۔چیف سیکریٹری کو جانکاری دی گئی کہ پی ایم جی ایس وائی کے چوتھے مرحلے میں جموں وکشمیر میں7ہزار790کروڑ روپے کی لاگت سے 646سڑک پروجیکٹ مکمل کئے جارہے ہیں۔اس موقعے پر جموں کشمیر کے دیہی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے نیز سماجی و اقتصادی ترقی کو دوام بخشنے کے حکومت کے عزم کو دہرایا۔نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہاہے کہ ان کی پارٹی سماجی ناانصافی، نابرابری اور ظلم وجبر کے خلاف جدوجہد جاری رکھے گی۔آج سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام امن ، برداشت اور مکالمے پر یقینی رکھتے ہیں اور ہمیشہ آئینی و جمہوری دائرے میں رہ کر اپنے مسائل کا حل تلاش کرتے آئے ہیں۔

:تعطیلات

اعلیٰ تعلیم محکمے نے کشمیر صوبے اور جموں صوبے کے سرمائی زون علاقوں کے تمام سرکاری ڈگری کالجوں میں گرمائی تعطیلات کا اعلان کیا ہے۔یہ ڈگری کالج گرمیوں کی چھٹیوں کیلئے21جولائی سے 2اگست تک بند رہینگے۔

:سوربھ بھگت

انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے کمشنر سیکرٹری سوربھ بھگت نے آج سرینگر میںجموں وکشمیر ای گورننس ایجنسی کی ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں جاری اہم ڈیجیٹل حکمرانی اقدامات کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے ایک یونیفارم سافٹ ویئر ڈیولپمنٹ پالیسی اختیار کی جانی چاہئے۔

:کھیل

جموں وکشمیر میں مختلف مقامات پر کھیل کود کے 570بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر کام جاری ہے، جن پر مجموعی طور پر ساڑھے 6سو کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔ ان باتوں کی جانکاری کھیل کود اور امور نوجوانان کے کمشنر سیکریٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری نے آج یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کے توسیعی پروگرام کے پہلے گوشوارے کی کارگذاری کا جائزہ لیتے ہوئے دی۔

:وقفہ

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں آپ آکاشوانی کے موبائل ایپلی کیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

:مصطفی کمال

نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال آج سرینگر کے ایک نجی اسپتال میں طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے۔مرحوم اپنے سیاسی کیریئر کے دوران ٹنگمرگ،پٹن اور حضرتبل حلقوں کے اسمبلی ممبر بھی رہے ہیں اور وہ دوبار کابینی وزیر بھی رہ چکے ہیں۔وہ نیشنل کانفرنس کے صدرڈاکٹر فاروق عبداللہ کے چھوٹے بھائی اور پارٹی کے نائب صدراور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے چاچاتھے۔مرحوم کی نماز جنازہ اب سے کچھ دیر بعد یعنی رات آٹھ بجے ایم ایل اے ہوسٹل سرینگر میں پڑھی جائے گی۔اُنہیں بعد میں بونَہ سر سونہ وار میں اپنے آبائی مقبرے میں سپرد خاک کیا جائے گا۔اُن کی رسم چہارم17جولائی بروز جمعہ انجام دی جائے گی۔

:تعزیت

ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال کے رحمت حق ہونے پر متعدد سیاسی اور سماجی شخصیات نے رنج وغم کا اظہار کرکے لواحقین کے ساتھ یکجہتی اور تعزیت ظاہر کی ہے۔
تعزیت کرنے والوں میںلیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، وزیراعلیٰ عمرعبداللہ، نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری، جموں وکشمیر کے سابق وزیراعلیٰ غلام نبی آزاد، رکن پارلیمان میاں الطاف احمد کے علاوہ دیگر سیاسی اور سماجی شخصیات شامل ہیں۔اپنے اپنے الگ الگ تعزیتی پیغامات میں سبھی لیڈروں نے مرحوم کے لئے ایصال ثواب کی دعا اور لواحقین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

: بی جے پی

بی جے پی جموںوکشمیر کے جنرل سیکرٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج جموںمیں پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کی ایک میٹنگ کے دوران بی جے پی ڈیجیٹل لرننگ پروگرام کاجائزہ لیا۔اس موقعے پر ڈیجیٹل لرننگ کے ذریعے سے پارٹی کے آوٹ ریچ سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اشوک کول نے کہا کہ ملک بھر میں کارکنوں کو جوڑنے اور تنظیم کو مزید مستحکم کرنے کیلئے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔

:این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہاہے کہ ان کی پارٹی سماجی ناانصافی، نابرابری اور ظلم وجبر کے خلاف جدوجہد جاری رکھے گی۔آج سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام امن ، برداشت اور مکالمے پر یقینی رکھتے ہیں اور ہمیشہ آئینی و جمہوری دائرے میں رہ کر اپنے مسائل کا حل تلاش کرتے آئے ہیں۔

:اطلاع

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے تعلیمی سال 2026-27کیلئے یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹ پروگراموں کے داخلے کیلئے اہل امیدواروں سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔امیدوار ، جو کامن انٹرنس ٹیسٹ 2026میں شامل ہوئے ہیں اور یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ پروگراموں میں داخلے کے خواہاں ہیں ،سے کہا گیا ہے کہ وہ یونیورسٹی کے ایڈمشن پورٹل پر آن لائن رجسٹریشن کریں۔یہ عمل جو 7جولائی سے شروع ہوا ہے ، 19جولائی تک جاری رہے گا۔

:سمینار

کشمیر یونیورسٹی میں آج سے شعبہ کشمیری اور ساہتیہ اکیڈمی نئی دلی کے باہمی اشتراک سے سرکردہ کشمیری ادیب اور شاعر مرحوم مرزا غلام حسن بیگ عارف کے بارے میں دو روزہ کشمیری سمینار کا آغاز ہوگیا۔افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کہا کہ علاقائی زبانوں اور ادبی روایات کا تحفظ یقینی بنانے میں جامعات کا اہم کردارہوتا ہے۔

:جیسوال

نئی دلی مغربی ایشیا میں جاری صورتحال پر قریبی سے نظر رکھے ہوئی ہے۔بھارت نے ایک بار پھر آبنائے ہرمُز سے بلا خلل نیوی گیشن اورمحفوظ تجارت پر زور دیا ہے۔
نئی دلی میں آج شام وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک میڈیا بریفنگ میں کہا کہ آبنائے ہرمُز سے بلا رکاوٹ آواجائی دنیا بھر کے لوگوں کی اقتصادی سلامتی اور توانائی کی یقینی فراہمی کیلئے لازمی ہے۔
........Jaiswal........
انہوننے کہا کہ وزارت نے ایران کے مشن کے نائب سربراہ کو طلب کرنے کے بعد ایک بیان جاری کیا۔ترجمان نے کہا کہ بھارت نے تحران کو اپنی تشویش سے آگاہ کیا ہے۔

:کرگل دیوس

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج قومی وار میموریل نئی دلی سے 13روزہ" شوریہ وجے یاترا" نام کی یادگاری موٹر سائیکل ایکسپیڈیشن کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ اس ایکسپیڈیشن کی بدولت لوگوں بالخصوص نوجوانوں میں حب الوطنی کے جذبے کو فروغ حاصل ہوگا۔ایکسپیڈیشن کاانعقاد کرگل وجے دوس 2026کی تقریبات کے تناظرمیں کیا گیا ہے اور یہ رواں مہینے کی 26تاریخ کو کرگل وار میموریل دراس لداخ میں اختتام پذیر ہوگا۔اس دوران 28موٹر سائیکل سوار13دنوں کے اندر ایک ہزار 900کلومیٹر کا سفر کرکے بھارتی فوج کے بہادر جوانونکی قربانیوں کو یاد کریں گے۔

:پی ایم پانی

وزیراعظم نریندر مودی نے بارش کے پانی کو جمع کرکے اسے موثر طور استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیاہے۔
مہم کو بڑے Catch the Rain بقائے حیات میں پانی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے اس مون سون کے دوران
پیمانے پر وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیاہے۔وزیر اعظم نے کہا ہے کہ مہم کے تحت ہمیں ہر ایک گھر ،سماج اور کام
کرنے کی جگہ پر بارشوں کے پانی کو جمع کرنے اور بروئے کار لانے کا نظام قائم کرنا چاہئے۔انہوں نے کنوؤں اور پانی
کے روائتی ذخیروں کو بحال کرنے پر بھی زور دیاہے۔

:بھارت ٹیکسٹائل

آج بھارت منڈپم نئی دلی میں شروع ہوا۔ٹیکسٹائلز کے مرکزی Bharat Tex-2026 ملک کا سب سے بڑا گلوبل ٹیکسٹائل ایونٹ
وزیر اعظم Tex وزیر گری راج سنگھ نے اس کا افتتاح کیا۔بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت
Buyers نریندر مودی کا نظریہ ہے اور اس بین الاقوامی نمائش میں 130ممالک سے تعلق رکھنے والے 60ہزار سے زائد
اور نمائش کار حصہ لے رہے ہیں۔اس موقعے پر وزیرموصوف نے کہا۔
........Giri Raj Singh........

UNSC:

بھارت نے 2028-29کے لئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے غیر مستقل ممبر کے چناؤ کیلئے باضابطہ طور مہم کا آغاز کیا
ہے۔ اقوام متحدہ ہیڈ کوارٹر پر بھارت کی امیدواری کو لانچ کرنے کے موقعے پر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے
بھارت کے 'شانتی' نظریے کو متعارف کیا، جس کا مقصد عالمی امن واستحکام کیلئے ضوابط کے تحت جامع ترقی کا
حصول ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا کو اس وقت تناؤ اور عدم استحکام کا سامناہے۔اس تناظر میں اقوام متحدہ کا رول
پہلے کے مقابلے میں کافی اہمیت کا حامل ہے۔بھارت اس سے پہلے 8مرتبہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کا غیر مستقل ممبر رہ
چکاہے۔

:نشہ مکت

جموں وکشمیر کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدومد سے جاری
ہیں۔اس مہم کے تحت اب تک منشیات کے خلاف کافی پیش رفت حاصل کی جاچکی ہے اور پولیس،انتظامیہ اور دیگر
ایجنسیاں اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کررہے ہیں۔کولگام پولیس نے کُجر
کولگام میں جاوید احمد ڈار اور بشیر احمد ڈار نامی دو منشیات فروشونکے ایک کروڑ روپے مالیت کے دو رہائشی مکانات
کو اٹیچ کردیا ہے۔ان دو سمگلروں سے 200کلو گرام فکی برآمد کیا گیا تھا۔

:ایڈوائزری

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد
طے کی گئی ہے۔جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ
کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے
جمونوکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر
یاتراشروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

:موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیناگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پرگرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ
درجے کی بارش کا امکان ہے ۔سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت29.7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم
درجہ حرارت16.1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35.2 ڈگری جبکہ کل رات
کا کم سے کم درجہ حرارت25.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 30 منٹ اور غروب
آفتاب شام7 بجکر43منٹ پر ہو گا۔

Closing
اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
اجازت دیجئے خداحافظ